فیڈرل بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سیکٹر ایچ ایٹ فور، اسلام آباد

No. ADMN-2542-5785-00/147/453

July 09, 2025

# ٹینڈر نوٹس

دفتر ہذا کے مختلف قسم کی حل شدہ پرانی کاپیاں (جہاں ہیں جیسی ہیں / ردی کاغذ استعمال شدہ دفتری سامان (جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر) مورخہ 25 جولائی 2025 صبح 10:00am بجے دفتر ہذا میں منعقد ہوگی۔ سامان کا معائنہ نیلامی سے پہلے 22 اور 23 جولائی 2025 تک بروز منگل وبدھ دفتری اوقات کار میں صبح 10:00am تا دن 1:00 pm بجے کے دوران کیا جاسکتا ہے۔

## شرائط وضوابط

1۔ دلچسپی رکھنے والے حضرات یا نمائندہ فرم (جو انکم ٹیکس رجسٹرڈ ہو) مبلغ -/2000 روپے ناقابل واپسی جمع کروا کر سامان کی تفصیل اور نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

2۔ فیڈرل بورڈ، پیپرا قوانین کے مطابق کسی موقع پر بولی منسوخ کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

3۔ بولی میں شرکت کے خواہشمند کو اپنا اصل شناختی کارڈ بمعہ فوٹو کاپی / رجسٹریشن سلپ اور ردی کے لیے پانچ لاکھ (-/500،000) روپے فی لاٹ بشکل پے آرڈر بمعہ فوٹو کاپی بنام سیکریٹری فیڈرل بورڈ اسلام آباد میں مورخہ 24 جولائی 2025 تک جمع کروانا لازم ہے۔ اس کے بعد قابل قبول نہ ہوگا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کسی بھی طرح کے لاگو شدہ ٹیکسز ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کا 25% بشکل پے آرڈر / کیش بنام سیکریٹری فیڈرل بورڈ اسلام آباد موقع پر جمع کروانا ہوگا اور بقیہ رقم بمعہ ٹیکس 10 دن کے اندر جمع کرا کے مٹیریل اٹھانا ہوگا۔ بقیہ رقم 10 دن کے اندر جمع نہ کروانے کی صورت میں بولی دہندہ کی جمع شدہ 25% رقم اور مٹیریل ضبط کر لیا جائیگا۔

6۔ بولی دہندہ کو مبلغ -/100 روپے کے اشٹام پیپر پر معاہدہ کرنا ہوگا کہ وہ بورڈ سے اٹھائی گئی استعمال شدہ جوابی کاپیاں کسی صورت بازار میں فروخت نہیں کرے گا اور نا ہی لفافے بنانے میں استعمال کی جائیں گی۔ بلکہ انہیں دوبارہ کاغذ اور گتہ بنانے کے لیے پہلے فیکٹری میں ضائع (Shredding) کرے گا۔

7۔ بولی میں شرکت کے خواہشمند بولی شروع ہونے سے ایک دن پہلے مورخہ 24 جولائی 2025 تک فیس اور بنک ڈرافٹ بمعہ فوٹو کاپی جمع کروا کر رجسٹریشن کرا سکیں گے۔ اس کے بعد کوئی حصہ نہ لے سکے گا۔ حتمی رجسٹریشن لسٹ جو کہ بولی کے دن گیٹ پر چسپاں کی جائیں گی اس لسٹ کے مطابق وہی لوگ بولی میں حصہ لے سکیں گے۔

8۔ بولی کے موقع پر بولی دہندہ یا اسکا کوئی نمائندہ قانون کی خلاف ورزی / بولی خراب کرنے کی کوشش یا بدتمیزی کا مرتکب ہوا تو اس کا زرضمانت ضبط اور حوالہ پولیس کیا جائے گا۔

شہاب الدین (ڈپٹی سیکرٹری پی اینڈ ایس)
فیڈرل بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد
فون نمبر: 051-9269538